**03/06/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ بصارت گل سے خبریں سُنیے۔**

**ایل جی ملاقات**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے کل کئی اہم شخصیات نے ملاقات کرکے ان سے اپنے اپنے شعبوں کے معاملا ت پر تبادلہ خیال کیا۔**

**ایل جی سے ملاقات کرنے والوں میں سابق مرکزی وزیر ڈاکٹر کرن سنگھ// ٹریڈریس ایسو سی ایشن لالچوک کے صدر محمد اقبال خان کی قیادت والا ایک وفد// اور بین الاقوامی Pencak Silat کے کھلاڑی شیخ نجم الثاقب اور صہیب فیروز جیلانی بھی شامل ہیں۔**

**اسپیکر**

**جموں کشمیر اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے حال ہی میں تشکیل دی گئی ہاؤس کمیٹیوں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی ۔ انہوں نے مالیاتی اور دیگر کمیٹیوں کے چیر پرسنوں کو ہدایت دی کہ وہ بہتر کار گذاری کیلئے اسمبلی سیکریٹریٹ کے ساتھ باہم رابطے میں رہ کر انتہائی لگن کے ساتھ کام کریں ۔**

**کھیر بھوانی**

**آج میلہ کھیر بھوانی ہے۔اس سلسلے میں ماتا کھیر بھوانی مندر تولہ مولہ گاندربل میں اس وقت عقیدتمندوں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ کھیر بھوانی مندر میں مقامی پنڈتوں کے علاوہ جموں ، دلی اور ملک کے دیگر حصوں سے آئی ہوئی عقیدت مندوں کی ایک خاصی تعداد پہنچ گئی ہے۔**

**مندر کے آس پاس خاصی رونق اور چہل پہل ہے ،جہاں مقامی مسلمان، پنڈت عقیدت مندوں کا والہانہ استقبال کرکے بھائی چارے اور مذہبی روا داری کی ایک عظیم مثال قائم کر رہے ہیں۔**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہااور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے میلہ کھیر بھوانی کے موقعے پر عوام خاص طور پر پنڈت برادری کو مبارکباد پیش کی ہے ۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے جموں کشمیر میں قیام امن اور عوام کی خوشحالی کے تئیں نیک خواہشات کا اظہا رکیا ہے۔**

میلہ کھیر بھوانی کے سلسلے میں ٹکر کپواڑہ ، لوگری پورہ عیشمقام ، منز گام اور دیوسر کولگام میں بھی تقاریب کا اہتمام ہو رہا ہے اور وہاں بھی کافی تعداد میں پنڈت برادری کے لوگ حاضری دے رہے ہیں۔

عرس شاہ ہمدانؒ

آج ہی وادی میں بانی اسلام حضرت میر سید علی ہمدانیؒکا سالانہ عرس بھی منایاجا رہا ہے۔ اس سلسلے میں سرینگر کے تاریخی خانقاہ معلی میں ایک بڑا اجتماع منعقد ہوگا جہاں وادی کے اطراف سے عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد کی آمد متوقع ہے ۔

وادی کے دیگر خانقاہوں اور بقہ جات میں بھی روح پرور مجالس کا انعقاد ہو رہا ہے جہاں مبلغ اور ائمہ حضرات ، حضرت شاہ ہمدانؒ کی تاریخ ساز اسلامی خدمات پرروشنی ڈالیں گے ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عرس حضرت شاہ ہمدانؒ کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔

جاوید ڈار

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے سول سیکریٹریٹ سرینگرمیں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران وادی میں عید الاضحی کے سلسلے میں انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔

انہوں نے بازاروں میں قیمتونکو اعتدال پر رکھنے کے علاوہ عوام کی سہولت کیلئے بجلی، پانی اور دیگر اہم ضروریات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ۔

اس دوران ڈائریکٹر شیپ ہسبنڈری کشمیر ڈاکٹر رفیق احمد شاہ نے عید گاہ سرینگر کا دورہ کرکے وہاں فروخت کیلئے لائے جا رہے قربانی کے جانوروں کیلئے صفائی اور دیگر انتظامات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر بھر میں سوچھ بھارت مشن دوئم اور امرت دوئم کے تحت در دست لئے گئے تمام پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔

سرینگر میں متعلقہ افسروں کی ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں انہوں نے شہری ترقیات کی مختلف فلیگ شپ اسکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقین کو ہدایت دی کہ وہ کاموں کا ماہوار منصوبہ مرتب کرکے دو دو ہفتوں کے بعد پیشرفت کی رپورٹ سونپا کریں۔

DGP

کی ایک مشترکہ میٹنگ کی CAPF جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات نے پولیس اور صدارت کے دوران آنے والی شری امر ناتھ جی یاترا // عیدا لاضحی اور کچھ دیگر تقریبات کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

آرمڈ ADGPکارڈنیشن سید مجتبیٰ جاوید گیلانی ،DGP میٹنگ میں دیگر افسروں کے علاوہ سپیشل بھی موجود تھے ، جنہوں نےDIGs اور کشمیر زون کے تمامIGCRPFکشمیر ،IGPآنند جین، کو ان تقریبات کی نسبت سے مجوزہ سیکورٹی تیاریوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی DGP
۔

پولیس

منشیات کے خلاف اپنی مہم کو جاری رکھتے ہوئے جموں کشمیر پولیس نے ہندوارہ کے لچھی پورہ کے رہنے والے فاروق احمد ڈار نامی شخص کی جائیداد کو اٹیچ کیاہے۔

پولیس پریس رلیز کے مطابق اس سمگلر کے دو منزلہ مکان کو قرق کیا گیا ہے جس کے خلاف کئی معاملات درج ہیں اور جو اس وقت زیر حراست ہے۔

نتائج

ایڈوانس امتحان کے نتائج کا کل اعلان کیا گیا ۔ اس امتحان مینکل 54ہزار378امیدوار کامیاب JEE قرار دیئے گئے ہیں ۔ وادی سے تعلق رکھنے والے چودہ امید واروں نے کامیابی حاصل کی ہے ، جن میں نمایاں کار کردگی دکھانے والی تین لڑکیاں ملیحا حارث،صدف مشتاق اور جانیس ظفر شامل ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13اعشاریہ 2ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ